**Series BRH**

**Code No. 5A**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- Please check that this question paper contains **12** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **19** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

## SUMMATIVE ASSESSMENT – II

## اُردو (کورس-A)

# URDU (Course A)

وقت: 3 گھنٹے — کُل نمبر: 80

*Time allowed : 3 hours* — *Maximum Marks : 80*

(حصّہ - الف)

1. درج ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ 4

نوبل پرائز ہر سال امن، ادب، فزکس، کیمسٹری اور ادویات میں نمایاں کارناموں پر دیا جاتا ہے۔ 1969 میں اس میں ایک اور انعام کا اضافہ ہوگیا ہے۔ جو معاشیات اور اقتصادیات پر دیا جاتا ہے۔ جو لوگ ادب میں کوئی اہم کتاب لکھتے ہیں۔ سائنس اور اقتصادیات کے میدان میں کوئی نمایاں کام کرتے ہیں۔ یا دنیا میں امن و امان قائم کرنے میں کوئی بڑی خدمت انجام دیتے ہیں۔ وہ نوبل انعام کے مستحق قرار پاتے ہیں۔ اس انعام کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ دنیا کے کسی شخص کو بھی بلا امتیاز رنگ و نسل ملتا ہے۔ اس انعام کے جاری کرنے والے ڈاکٹر الفرڈ نوبل

تھے۔ وہ سویڈن کے رہنے والے تھے۔ ان ہی کے نام پر یہ انعام نوبل پرائز کہلاتا ہے، جو دنیا کا سب سے بڑا اعزاز ہے۔ متعدد ہندوستانیوں نے یہ انعام حاصل کیا ہے۔ رابندر ناتھ ٹیگور کو ادب کا نوبل انعام 1913 میں ان کی کتاب گیتا نجلی پر ملا تھا۔

(i) نوبل پرائز کس کے نام پر دیا جاتا ہے۔

(A) ڈاکٹر ذاکر حسین

(B) ڈاکٹر الفرڈ نوبل

(C) ڈاکٹر راجندر پرشاد

(D) ڈاکٹر رچرڈ

(ii) الفرڈ نوبل کہاں کے رہنے والے تھے۔

(A) ایران

(B) ہندوستان

(C) سویڈن

(D) افغانستان

(iii) معاشیات اور اقتصادیات پر نوبل انعام کب سے شروع ہوا

(A) 1969

(B) 1917

(C) 1950

(D) 1967

(iv) رابندر ناتھ ٹیگور کو ادب کا نوبل انعام کس کتاب پر ملا

(A) مالتی

(B) سونا تری

(C) گیتانجلی

(D) ویدیا

2. درج ذیل (غیر درسی) شعری اقتباس سے متعلق سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ 4

سن کے بلبل کی آہ وزاری
جگنو کوئی پاس ہی سے بولا
حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے
کیڑا ہوں اگرچہ میں ذرا سا
کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری
میں راہ میں روشنی کروں گا
اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل
چمکا کے مجھے دیا بنایا
ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

(i) بلبل کی آہ وزاری سُن کر کون بولا حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے

(A) دوست
(B) جگنو
(C) لڑکا
(D) پتنگا

(ii) کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری میں راہ میں ــــ

(A) گیت گاؤنگا
(B) ڈھول بجاؤنگا
(C) روشنی کروں گا
(D) ساتھ جاؤں گا

(iii) اللہ نے مجھ کو مشعل دی ہے اور چمکا کے مجھے ۔

(A) چاند بنایا

(B) سورج بنایا

(C) تارا بنایا

(D) دِیا بنایا

(iv) شاعر نے کن لوگوں کو اچھا کہا ہے

(A) جو دوسروں پر رحم کرتے ہیں

(B) جو دوسروں کے کام آتے ہیں

(C) جو اپنے کام سے مطلب رکھتے ہیں

(D) یہ تینوں جواب غلط ہیں۔

3. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر (200 سے 250 الفاظ) مضمون لکھیے۔ 6

(i) میرا پسندیدہ شاعر

(ii) ملک میں بڑھتی ہوئی بدعنوانی کو ختم کرنا لازم ہے

(iii) صنعتی نمائش کی سیر

4. اپنے دوست کو گرمی کی چھٹیاں ساتھ گذارنے کی دعوت ایک خط کے ذریعے دیجئے۔ 4

— یا —

پرنسپل کے نام ایک درخواست میں لائبریری میں کچھ کتابیں نہ ہونے کی شکایت کیجیے۔

5. فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھیے۔ 4

6. درج ذیل شعر میں جو صفت استعمال کی گئی ہے۔ اس کا نام اور اس کی تعریف بھی لکھیے۔ 4

کہا دل نے میرے دیکھی جو وہ مانگ
کہ ہے یہ رات آدھی کچھ دعا مانگ

— یا —

درج ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف مع مثال لکھیے۔

(i) تلمیح

(ii) حسن تعلیل

(iii) لف ونشر

7. درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 2

(i) جان میں جان آنا

(ii) مٹھی گرم کرنا

(iii) شیر وشکر ہونا

8. درج ذیل ضرب الامثال میں سے صرف دو کے جملے بنائیے۔ 2

(i) ایک پنتھ دو کاج

(ii) دور کے ڈھول سہانے

(iii) اونٹ کے منھ میں زیرا

## (حصّہ - ب)

9. درج ذیل اقتباسات کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 4+4=8

(الف)

گوشت کھانے کی تائید میں یہ ساری دلیلیں ایک ہی نشست میں پیش نہیں کی گئیں یہ طویل طویل استدلال کا خلاصہ ہے جس سے میرا دوست مجھ پر وقتاً فوقتاً اثر ڈالتا رہا۔ میرے منجھلے بھائی پہلے ہی مغلوب ہو چکے تھے اس لئے وہ میرے دوست کی دلیلوں کی تائید کرتے تھے میں واقعی اپنے بھائی اور اس دوست کے مقابلے میں بالکل مریل معلوم ہوتا تھا۔ وہ مجھ سے زیادہ قوی اور جفاکش بھی تھے اور جری بھی۔ اس دوست کے کارناموں نے مجھ پر جادو سا کر دیا، وہ بہت دور تک اور بڑی تیزی سے دوڑ سکتا

تھا، کود پھاند میں مشاق اور سخت سے سخت جسمانی سزا برداشت کر لیتا تھا۔ وہ مجھے اکثر اپنے کارنامے دکھایا کرتا تھا اور یہ قاعدے کی بات ہے کہ انسان دوسروں میں وہ صفتیں دیکھ کر جو اس میں نہ ہوں، دنگ رہ جاتا ہے۔ اس کے بعد میرے دل میں ولولہ اٹھا کہ اس کے جیسا بنوں' میں نہ کود سکتا تھا، نہ دوڑ سکتا تھا، میں نے سوچا کہ میں بھی اس کی طرح مضبوط کیوں نہ ہو جاؤں؟

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے

(A) ماحول بچائیے

(B) نیا قانون

(C) چوری اور اس کا کفارہ

(D) آزمائش

(ii) اس اقتباس کے مصنف کا نام ہے:

(A) سعادت حسن منٹو

(B) اسلم پرویز

(C) حیات اللہ انصاری

(D) سید عابد حسین

(iii) گاندھی جی اپنے بھائی اور دوست کے مقابلے میں کیسے معلوم ہوتے تھے؟

(A) زیادہ قوی

(B) بالکل مریل

(C) زیادہ جفاکش

(D) زیادہ جری

(iv) قاعدے کی بات یہ ہے کہ انسان دوسروں میں وہ صفتیں دیکھ کر جو اس میں نہ ہوں

(A) پریشان ہو جاتا ہے

(B) خوش ہو جاتا ہے

(C) کمزور ہو جاتا ہے

(D) دنگ رہ جاتا ہے

(ب)

"ہوا اور پانی کی کثافت کو قابو میں رکھنے کے لئے قدرت نے بڑا اچھا انتظام کر رکھا ہے۔ زمین کے سینے میں پھیلے ہوئے جنگلات یہ کام بخوبی انجام دیتے ہیں۔ ہوا کی آلودگی کو درخت اور دیگر پودے جذب کر لیتے ہیں نیز ان ہرے حیاتداروں سے خارج ہونے والی آکسیجن گیس ہوا کے زہریلے پن کو کم بھی کر دیتی ہے۔ تاہم افسوس کی بات یہ ہے کہ جنگلات بھی انسان کی دسترس سے محفوظ نہ رہے۔ کہیں پر رہائش کے لئے جنگلات کو صاف کیا گیا تو کہیں کھیتی باڑی کے لئے جنگلات کاٹے گئے یا پھر کارخانوں اور فیکٹریوں کو قائم کرنے کے لئے جنگلات کو ختم کیا گیا۔ ان سب باتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ ہرا غلاف اترنے لگا جس کی وجہ سے آلودگی میں مزید اضافہ ہوا۔ بھلا ہم میں سے کون ہے جسے اپنی صحت عزیز نہ ہو، تو پھر یہ بے حسی کیسی، ہم کیوں انتظار کریں کہ جب چیکنگ اور چالان شروع ہوں تب ہی اپنی گاڑیوں اور کارخانوں کو درست کریں۔"

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے۔

(A) مخلوط زبان

(B) سر سیّد کا بچپن

(C) ماحول بچائیے

(D) اشتہارات ضرورت نہیں ہے، کے

(ii) اس اقتباس کے مصنف کا نام ہے

(A) مولوی عبدالحق

(B) اسلم پرویز

(C) الطاف حسین حالی

(D) ابن انشاء

(iii) ہوا اور پانی کی کثافت کو قابو میں رکھنے کے لئے قدرت نے کس کا انتظام کر رکھا ہے؟

(A) جانوروں کا

(B) چٹانوں کا

(C) سمندروں کا

(D) جنگلات کا

(iv) جنگلات کس کی دسترس سے محفوظ نہ رہ سکے ؟
(A) جانوروں کی
(B) انسان کی
(C) پرندوں کی
(D) دریاؤں کی

۱۰. محمد مجیب کے ڈرامے "آزمائش" کا خلاصہ لکھیے ۔ 4

-یا-

اشتہارات ضرورت نہیں ہے ، کے کی روشنی میں ابنِ انشاء کے طرزِ تحریر کی خوبیاں اپنے لفظوں میں لکھیے ۔

۱۱. درج ذیل سوالات میں سے دو کے مختصر جواب لکھیے ۔ 2+2=4
(i) نوکر آقا کے علاج کے لئے حکیم صاحب کے ساتھ اور کن لوگوں کو لایا ؟
(ii) صنعتی انقلاب سے ہمارے قدرتی وسائل کس طرح متاثر ہوئے ہیں ؟
(iii) اطلاعِ عام کے اشتہار میں کیا کہا گیا ہے ؟
(iv) چکبست کے کلام کی سب سے بڑی خصوصیت کیا ہے ؟

12. درج ذیل شعری اقتباسات سے متعلق سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے ۔ 4+4=8

(الف)

یوں مسکرائے ، جان سی کلیوں میں پڑ گئی
یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنا دیا

وہ شورشیں نظامِ جہاں جن کے دم سے ہے
جب مختصر کیا انہیں انساں بنا دیا

(i) درج بالا اشعار کے شاعر کا نام ہے۔

(A) فانی بدایونی

(B) اصغر گونڈوی

(C) چکبست لکھنوی

(D) یاس یگانہ چنگیزی

(ii) یہ شعری اقتباس ہے

(A) رباعی کا

(B) نظم کا

(C) غزل کا

(D) مرثیہ کا

(iii) "یوں مسکرائے جان سی کلیوں میں پڑ گئی" اس مصرعے میں شاعر نے محبوب کی مسکراہٹ کو تشبیہ دی ہے۔

(A) کلیوں میں جان پڑنے سے

(B) کامیاب دید سے

(C) جلوؤں کے اژدھام سے

(D) کلیوں کے مرجھانے سے

(iv) شورشیں کا مطلب ہے

(A) سکون و عافیت

(B) قید و رسم

(C) شورش کی جمع ہنگامہ

(D) گلستان

( ب )

او دیس سے آنے والے بتا کس حال میں ہیں یارانِ وطن
آوارۂ غربت کو بھی سُنا! کس رنگ میں ہے کنعانِ وطن

وہ باغِ وطن ، فردوسِ وطن وہ سروِ وطن ، ریحانِ وطن
او دیس سے آنے والے بتا !

(i) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں ۔
(A) اقبال
(B) کیفی اعظمی
(C) جوش
(D) اختر شیرانی

(ii) دیس سے آنے والے شخص سے غریب الوطن کس کا حال پوچھتا ہے ؟
(A) غریبوں کا
(B) یارانِ وطن کا
(C) امیروں کا
(D) مظلوموں کا

(iii) 'آوارۂ غربت' کے معنی ہیں
(A) اپنے ملک میں رہنے والا
(B) گاؤں میں رہنے والا
(C) پردیس میں رہنے والا
(D) شہر میں رہنے والا

(iv) 'کس رنگ میں ہے کنعانِ وطن' اس مصرعے میں کون سی صنعت ہے ؟
(A) تجنیس
(B) لف و نشر
(C) رعایت لفظی
(D) تلمیح

13. جوشؔ کی نظم "گرمی اور دیہاتی بازار" کا خلاصہ لکھیے۔ 4

14. شادؔ عظیم آبادی کی غزل کے حوالے سے لکھیے "حیرت وحسرت کے مارے" شاعر سے دریائے محبت کیا کہتا ہے ؟ 2

-یا-

نظم آندھی میں "افق پر برق سی لہرانے سے" کیفی اعظمی کی کیا مُراد ہے ؟

15. درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔ 4

(i) شادؔ عظیم آبادی کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) فراقؔ گورکھپوری کی رباعی گوئی کی خوبیاں بیان کیجیے۔

(iii) 'جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے' سے میر انیسؔ کیا سمجھانا چاہتے ہیں ؟

(iv) تعمیری تباہی سے کیفی اعظمی کی کیا مُراد ہے ؟

## (حصّہ - ج)

16. درج ذیل سوالات میں سے صرف ایک کا جواب لکھیے۔ 4

(i) کلام حیدری کے افسانے "سنّی" کا خلاصہ لکھیے۔

(ii) مرزا چپاتی کون تھے اور ان کا حلیہ کیا تھا ؟

17. درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔ 4

(i) برہما نے 'ان دیوتا' کو کیا پیغام بھیجا ؟

(ii) سلطان کو زیبو خالہ کا باہر جانے پر ٹوکنا کیوں برا لگتا ہے ؟

(iii) ہر شام مایوس لوٹنے کے بعد بھی 'من کا طوطا'، ہر صبح گھر سے کیوں نکل جاتا تھا ؟

(iv) اماں جان دوشالے کی حفاظت کے لئے کیا کیا تدبیریں کرتی تھیں ؟

18. افسانے کی تعریف لکھیئے اور دو² افسانہ نگاروں کے نام بھی لکھیئے۔ 4

-یا-

نظم کی تعریف لکھیئے۔ اور دو² نظم گو شعراء کے نام بھی لکھیئے۔

19. اُردو زبان کی تاریخ کے بارے میں مختصر طور پر لکھیئے۔ 4

-یا-

اُردو زبان کی ابتدا کس طرح ہوئی۔؟